# ماڈل پیپر "تاریخ اسلام"

## برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔II (جماعت دہم) امتحان 2014ء و مابعد

وقت: 20 منٹ — حصہ معروضی — کل نمبر: 15

نوٹ:۔ ہر سوال کے 4(چار) ممکنہ جوابات B ،A، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

-1 (i) حضرت عمرؓ نے امیر معاویہ کو کہاں کا گورنر مقرر کیا؟

(A) فارس (B) مصر (C) دمشق (D) کوفہ

(ii) حجاج بن یوسف کا اصل وطن کونسا شہر تھا؟

(A) یثرب (B) حمص (C) کوفہ (D) طائف

(iii) قرآن پاک پر اعراب کس نے لگوائے؟

(A) حضرت ابوبکرؓ (B) حضرت عثمانؓ (C) امیر معاویہ (D) حجاج بن یوسف

(iv) فاتح سندھ کون تھا؟

(A) عبدالمالک بن مروان (B) مسلمہ بن عبدالمالک (C) قتیبہ بن مسلم (D) محمد بن قاسم

(v) کس اموی خلیفہ نے موسیٰ بن نصیر فاتح اندلس کو قید کروایا؟

(A) یزید بن معاویہ (B) سلیمان بن عبدالمالک (C) حسام بن عبدالمالک (D) عبدالمالک بن مروان

(vi) بنو امیہ کی حکومت کتنے سال قائم رہی؟

(A) 100 سال (B) 90 سال (C) 50 سال (D) 85 سال

Result.pk

(vii) عمرو بن العاص نے اسلام کب قبول کیا؟

(الف) جنگ بدر کے فوراً بعد (ب) صلح حدیبیہ کے فوراً بعد (ج) فتح مکہ کے بعد (د) واقعہ معراج کے بعد

(viii) بنو امیہ کی حکومت کب ختم ہوئی؟

(الف) 705ء (ب) 712ء (ج) 720ء (د) 750ء

(ix) کس اموی خلیفہ نے بزور شمشیر حکومت حاصل کی اور باقی اموی خلفاء اس کی نسل سے ہوئے؟

(الف) امیر معاویہؓ (ب) عبدالمالک (ج) ہشام (د) مروان بن حکم

(x) ہارون الرشید نے کس وزیر کو قتل کروادیا؟

(الف) خالد برمکی (ب) یحییٰ برمکی (ج) فضل برمکی (د) جعفر برمکی

(xi) ہارون الرشید کی حکومت کتنے سال رہی؟

(الف) 15 سال (ب) 20 سال (ج) 23 سال (د) 25 سال

(xii) امام ابو یوسف کس کے عہد میں قاضی القضاۃ بنائے گئے؟

(الف) مامون الرشید (ب) معتصم باللہ (ج) ہارون الرشید (د) واثق باللہ

(xiii) جعفر برمکی فضل کا کیا لگتا تھا؟

(الف) بیٹا (ب) باپ (ج) بھائی (د) بہنوئی

(xiv) فضل بن سہل کس کا وزیر تھا؟

(الف) منصور کا (ب) مامون کا (ج) ہارون کا (د) معتصم کا

(xv) ہاشمیہ کو دار الحکومت کس عباسی خلیفہ نے بنایا؟

(الف) واثق (ب) معتصم (ج) ہارون (د) عبداللہ

(2)

# ماڈل پیپر "تاریخ اسلام"

برائے سیکنڈری سکول پارٹ-II (جماعت دہم) امتحان 2014ء و مابعد

حصہ انشائی

وقت: 2:10 گھنٹے

کل نمبر: 60

## (حصہ اول PART-I)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ 12

(i) پہلے اموی خلیفہ حضرت امیر معاویہؓ کس کے صاحبزادے تھے؟

(ii) مسلم بن عقیل کون تھے؟

(iii) مکہ پر سنگ باری کس اموی جرنیل نے کی اس وقت خلیفہ کون تھا؟

(iv) جزیہ کسے کہتے ہیں؟

(v) ذاتی قانون (Personal Law) سے کیا مراد ہے؟

(vi) اموی دور کے دو مورخین کے نام لکھیے۔

(vii) جامع مسجد دمشق کس نے تعمیر کروائی؟

(viii) فلورنڈا کا تعلق کس ملک سے تھا اور وہ کس کی بیٹی تھی؟

(ix) مسلمانوں کے حملہ کے وقت سندھ پر کس کی حکومت تھی؟

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ 12

(i) کس اموی جرنیل نے عبداللہ بن زبیر کو شام جا کر اقتدار پر قبضہ کرنے کی دعوت دی؟

Result.pk

(ii) عبداللہ بن زبیر کی دو سیاسی غلطیاں لکھیے جن کی وجہ سے بنوامیہ کے مقابلے میں ناکام ہوئے۔

(iii) واقعہ حرہ کیا تھا؟

(iv) عبدالملک بن مروان کی کوئی سی دو اصلاحات لکھیے۔

(v) ولید بن عبدالملک کی تعمیر کردہ عمارات میں سے کسی دو عمارات کے نام لکھیے؟

(vi) ابو مسلم خراسانی کی موت کیسے واقع ہوئی؟

(vii) نفس ذکیہ کون تھے؟

(viii) عبداللہ بن علی منصور کا کیا لگتا تھا؟

(ix) ابو مسلم خراسانی نے کس کے دور میں بغاوت کی؟

-4 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ 12

(i) خلیفہ ہادی کس خلیفہ کا بیٹا اور کس خلیفہ کا باپ تھا؟

(ii) ملکہ زبیدہ کس کی ملکہ تھی؟

(iii) بغداد کا شہر کس نے تعمیر کروایا؟

(iv) مدرسہ نظامیہ کس نے قائم کیا؟

(v) امیر ابراہیم موصلی کس فن میں ماہر تھا اور کس کے دربار سے منسلک تھا؟

(vi) خلیفہ مامون الرشید کی ماں کا کیا نام تھا اور اس کا تعلق کس ملک سے تھا؟

(vii) سامرا کا شہر کس نے بنایا؟

(viii) جس روز بغداد کی تکمیل ہوئی اس روز کونسا خلیفہ پیدا ہوا تھا؟

(ix) امام احمد بن حنبل کو کس عباسی خلیفہ نے کوڑے لگوائے اور کیوں؟

(3)

## (PART-II حصہ دوم)

نوٹ:۔مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی سے تین کے جوابات لکھیئے۔

| | | |
|---|---|---|
| -5 | تاریخ اسلام میں سانحہ کربلا کے اثرات اور اہمیت بیان کیجئے۔ | 8 |
| 6 - | حضرت عمر بن عبدالعزیز کی اصلاحات بیان کیجئے ان کو پانچواں خلیفہ راشد کیوں کہا جاتا ہے؟ | 8 |
| -7 | بنوامیہ کے زوال کے اسباب بیان کیجئے۔ | 8 |
| -8 | عباسی خلیفہ منصور نے اپنی مشکلات پر قابو پایا اور اسے عباسی حکومت کا اصل بانی کیوں کہتے ہیں؟ | 8 |
| -9 | مورخین نے کن وجوہات کی بنا پر مامون کا دور عباسی دور کا سنہری دور قرار دیا ہے۔ | 8 |

Result.pk